scottish legal complaints commission slcc

کسی وکیل کے بارے میں شکایت کس طرح کریں

اسکاٹش لیگل کمپلینٹ کمیشن (ایس ایل سی سی) اسکاٹ لینڈ میں وکلاء کے بارے میں، جس میں سالیسٹرز اور ایڈوکیٹس شامل ہیں، تمام تر شکایات سے متعلق ایک واحد راستہ ہے۔

ہم ایک خود مختار ادارہ ہیں اور ہماری طرف سے فراہم کردہ خدمات مفت ہیں۔

خواہ آپ حاصل شدہ سروس کے معیار یا کسی وکیل کے انفرادی طرز عمل کے بارے میں شکایت کرنا چاہتے ہوں، شکایت ہمیں بھیجی جانی چاہیے۔

اولیں اقدامات

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کی شکایت ہماری طرف سے مقرر کردہ مدت (جو کہ ہمارے ویب سائیٹ پر درج ہے) کے اندر اندر پیش کی جائے۔

عام طور پر ہم آپ سے توقع کرتے ہیں کہ آپ پہلے مرحلہ پر اپنے خدشات وکیل کے سامنے اٹھائیں تاکہ انہیں معاملات کو حل کرنے کا موقع مل سکے۔

اگر اس سے آپ کی شکایت حل نہ ہوئی تو آپ کو جس قدر جلد ممکن ہو سکے ہمارا ایک شکایت فارم مکمل کرنے کی ضرورت پیش آئے گی - خواہ آپ اس کو ہمارے ویب سائیٹ پر آن لائن مکمل کریں (یا ڈاؤن لوڈ کریں) یا آپ ہمیں بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ آپ کو بھیج دیں۔

آپ کی طرف سے ہمارے لیے شکایت فارم پر ممکنہ طور پر زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کرنا اہمیت کا حامل ہے۔ اس بات کی وضاحت کریں کہ آپ کس کے خلاف اور کیا شکایت کر رہے ہیں۔ آپ ہمیں وکیل کو کی جانے والی شکایت کی نقل اوران کا جواب بھی فراہم کریں۔

ہم برموصول شدہ شکایت کی اہلیت کا جائزہ لیں گے۔ اس میں یہ شامل ہے:

- اس بات کا جائزہ لینا کہ آیا ہم اس معاملہ سے نمٹ سکتے ہیں؛ اور
- یہ فیصلہ کرنا کہ آیا یہ معاملہ کسی غیر مناسب پیشہ وارانہ سروس یا طرزعمل، یا دونوں کے بارے میں ہے۔

طرزعمل کے بارے میں شکایات

طرزعمل کا تعلق پیشہ ور افراد کے رویہ یا کام سرانجام دینے کے لیے ان کی موزونیت سے متعلق ہوتا ہے۔ اگر شکایت کسی وکیل کے رویہ کے بارے میں ہو تو ہم اسے برائے تحقیق متعلقہ پیشہ وارانہ ادارے کو بھیج دیں گے (جو کہ عام طور پر لاء سوسائٹی آف اسکاٹ لینڈ یا فیکلٹی آف ایڈوکیٹس ہے)۔

اگرآپ اس ادارے کی طرف سے اپنی شکایت کے نمٹانے کے طریق کار سے ناخوش ہوں تو ہم سے "طرز عمل کی شکایت" کر سکتے ہیں۔ طرز عمل کے بارے میں شکایت سے متعلق معلومات اور طرز عمل کے بارے میں شکایت کرنے کا فارم ہمارے ویب سائیٹ پر دستیاب ہے یا ہم بھی آپ کو یہ فارم بھیج سکتے ہیں۔

نا کافی پیشہ وارانہ سروس کے بارے میں شکایات

سروس کا تعلق کام کے اس معیار کے ساتھ وابستہ ہے جس کو پیشہ ور ماہر نے کاروباری لین دین کے دوران انجام دیا ہے۔ اگرآپ کی شکایت کسی وکیل کی فراہم کردہ سروس کے بارے میں ہے تو ایس ایل سی سی اس شکایت کو نمٹائے گی۔

ہم آپ کوثالثی کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ یہ طریق کار اکثر اوقات آپ کی شکایت کو تیزی کے ساتھ حل کرنے کے لیےایک اچھا راستہ ہو سکتا ہے۔ ثالثی کا کام کس طرح انجام دیا جاتا ہے کے بارے میں مزید معلومات ہمارے ویب سائیٹ پر دستیاب ہیں۔

اگر ہمیں شکایت کی چھان بین کرنی ہو تو دستیاب معلومات کا جائزہ لے کر سفارشات مرتب کرتے ہیں۔ اگر ہمارے خیال میں آپ کی شکایت درست ہو توہم:

- وکیل کو حکم دے سکتے ہیں کہ وہ آپکا کام دوبارہ کرے یا اسکو مکمل کرے؛
- آپ کو معاوضہ کی ادائیگی کر سکتے ہیں؛ اور/یا
- وکیل کو کہہ سکتے ہیں کہ وہ آپ کی طرف سے ادا کردہ فیس واپس کرے۔

اس مرحلہ پر اگر ہر فریق سفارشات قبول کر لے تو شکایت کو داخل دفتر کر دیا جاتا ہے۔

حتمی فیصلہ

اگرآپ یا وکیل سفارشات قبول نہیں کرتا تو فیصلہ کرنے والی کمیٹی آپ کی شکایت کا ازسرنو جائزہ لے گی۔ آپ کی شکایت پران کا فیصلہ حتمی ہو گا اور اس کے خلاف بذریعہ سیشن کورٹ ہی اپیل کی جا سکتی ہے۔

ہم کس معاملہ میں مدد نہیں کر سکتے:

- ہم آپ کو قانونی یا طریق کار کے بارے میں نہ تو کوئی مشورہ دے سکتے اور نہ ہی کسی قانونی کاروائی میں مداخلت کرسکتے ہیں۔
- ہم ججوں، شیرفس یا عدالتوں کے بارے میں شکایات نہیں سنتے اور نہ ہی ان کے کسی فیصلہ پرغور (یا اس کو تبدیل) کر سکتے ہیں۔
- ہم آپ کو یہ نہیں بتا سکتے کہ آیا آپ سے حاصل کردہ فیس کی مقدار مناسب ہے۔

مزید معلومات

آپ کو ہماری سرگرمیوں کے بارےمیں مزید تازہ ترین معلومات ہمارے ویب سائیٹ سے مل سکتی ہیں۔
www.scottishlegalcomplaints.org.uk

بصورت دیگرآپ مندرجہ ذیل تفصیلات استعمال کرتے ہوئے ہمارے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں:

Scottish Legal Complaints Commission
12-13 St Andrew Square
Edinburgh
EH2 2AF

ٹیلیفون: 0131 201 2130
ای میل: Enquiries@scottishlegalcomplaints.org.uk